بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قرآن سب کے لیے، ہر دل میں، ہر ہاتھ میں


# الہدیٰ نیوز لیٹر

جنوری تا اپریل 2017ء ، ربیع الثانی تا رجب 1438ھ | شمارہ 4

اخلاص | امانت وصداقت | صبر واستقامت | خیر خواہی | لگن | نظم وضبط | عزت واحترام

**قرآن وسنت کی تعلیم کے ذریعے انسانیت کی خدمت جو کہ دنیا میں امن اور آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کا باعث ہے**

© ALHUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION



## خوش آمدید رمضان

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"تحقیق تمارے پاس رمضان آیا ہے۔ یہ برکتوں والا مہینہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے روزے تم پر فرض کئے ہیں۔ اس میں جنت کے دروازے کھول دئے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کر دئے جاتے ہیں اور شیاطین جکڑ دئے جاتے ہیں۔ اس میں ایک رات ایسی ہے جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ جو اس کی بھلائی سے محروم رہا تو تحقیق وہ محروم ہی رہا۔" (مسند احمد، ج :12، 7148)

**رمضان کا مہینہ اور کرنے کے کام**

۔روزہ ایک فرض عبادت ہے جسے خالص اللہ کی رضا کے لئے رکھیں۔

۔رمضان کا استقبال خوشی اور دعاؤں کے ساتھ کریں اور نیا چاند دیکھ کر درج ذیل دعا مانگیں۔

**اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہُ عَلَیْنَا بِالْیُمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ رَبِّیْ وَرَبُّکَ اللّٰہُ**

"یا اللہ! ہم پر یہ چاند امن، ایمان، سلامتی اور اسلام کے ساتھ طلوع فرما (اے چاند) میرا اور تیرا رب اللہ ہے۔"

۔اپنا زیادہ سے زیادہ وقت مفید کاموں میں صرف کریں اور لغو باتوں سے ممکن حد تک پرہیز کریں۔

۔سحری کے وقت خصوصی طور پر استغفار کریں اور گھر والوں کو بھی یاد دہانی کرائیں۔

۔زبان کو اللہ کے ذکر سے تر رکھیں، زبان کی حفاظت کریں اور غلط بات نہ کرنے کا پختہ عہد کر لیں۔

۔قرآن مجید کی کثرت سے تلاوت کریں کم از کم ایک قرآن پڑھ کر خود مکمل کر لیں، قرآن مجید سمجھنے اور اس پر غور وفکر کی کوشش کریں۔

۔ملازمین کو کاموں میں رعایت دیں، کسی سائل کو خالی ہاتھ نہ لوٹائیں۔

۔تراویح سے پہلے ان آیات کا ترجمہ پڑھ کر جائیں جو تلاوت کی جائیں گی۔

۔آخری عشرہ میں زیادہ سے زیادہ وقت عبادت میں گزاریں۔

۔لیلۃ القدر پانے کی تمنا رکھیں اور اس کے لئے کوشش کریں۔

ڈاکٹر فرحت ہاشمی

## تزکیۂ نفس

ابن قیمؒ نے فرمایا: تمام گناہوں کی بنیاد تین چیزیں ہیں:

1۔الکبر: یہ وہی چیز ہے جس نے ابلیس کو موجودہ حالت پر پہنچایا۔

2۔الحرص: یہ وہی چیز ہے جس نے آدمؑ کو جنت سے نکلوا دیا۔

3۔الحسد: یہ وہی چیز ہے جس نے آدمؑ کے بیٹے قابیل کو اپنے بھائی کے قتل پر آمادہ کیا۔

جو شخص ان تین خرابیوں سے بچا لیا جائے وہ برائی سے محفوظ ہے۔ پس کفر، تکبر کی وجہ سے ہے؛ گناہ، حرص ولالچ کی وجہ سے سرزد ہوتے ہیں اور بے انصافی اور ظلم، حسد کی بنا پر ہوتا ہے۔

[ الفوائد:1/58]

معزز قارئین،

**السلام علیکم و رحمة اللہ و برکاتہ**

ہم نیوز لیٹر کا نیا شمارہ پیش کرتے ہوئے خوشی محسوس کر رہے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ اس کے ذریعے ہمارے عزیز دوستوں اور الہدیٰ ٹیم میں باہم روابط مضبوط ہوں گے۔ ہم تمام اساتذہ کرام اور طالبات کو کورسز کی تکمیل اور کانووکیشن کے انعقاد پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ دعا ہے کہ آپ کا علم اور عمل دونوں جہانوں میں آپ کو سرخرو کرے۔ اس شمارے میں الہدیٰ ہیڈ آفس اور برانچز میں ہونے والی سرگرمیوں کے جائزے کے علاوہ رمضان کے مبارک مہینے کی تیاری اور پروگرامز کے حوالے سے معلومات شامل ہیں۔ تعلیمی سرگرمیوں میں اہم ترین، استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کے صحیح البخاری اور فقہ القلوب پر مشتمل ایمان افروز لیکچرز ہیں۔ الہدیٰ طالبات وسٹاف کے علاوہ اس بیش قیمت خزانے سے لوگوں کی کثیر تعداد نے استفادہ کیا۔ طالبات کے تاثرات کی کچھ جھلکیاں آپ آخری صفحہ پر ملاخطہ کر سکتے ہیں۔ موسم گرما کی آمد کے ساتھ ہی ہر عمر کے افراد کے لئے اسلامی تربیتی سمر کورسز کا اہتمام کیا گیا ہے۔ شعبہ ابلاغِ عامہ کی جانب سے نئی مطبوعات کے علاوہ نئی ایپ بھی متعارف کرائی جا رہی ہے۔ الہدیٰ انٹرنیشنل سکول میں ہونے والی شاندار سائنسی نمائش بھی توجہ کا مرکز رہی جس میں بچوں نے خلاء سے متعلق معلومات کو قرآنی آیات کی روشنی میں خوبصورت انداز میں پیش کیا۔ ہم اس نیوز لیٹر کی تیاری میں آپ سب کے تعاون پر دلی طور پر مشکور ہیں۔ برائے مہربانی اپنی قیمتی تجاویز اور مشورے newsletter@alhudapk.com پر ارسال کریں۔

طاہرہ خان

# علمی سرگرمیاں

## صحیح البخاری اور فقہ القلوب کلاسز

ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ صحیح البخاری سے ''کتاب المغازی'' کی تدریس میں مصروف عمل ہیں۔فقہ القلوب کی کلاس ہر جمعہ کے روز ہوتی ہے۔یہ کلاسز الھدیٰ ویب سائیٹ اور فیس بک اکاؤنٹ سے براہ راست ویب کاسٹ کی جاتی ہیں جن سے بہت سے لوگ استفادہ کر رہے ہیں۔

## طالبات کی تحریری وتقریری صلاحیتوں کو ابھارنا

15 فروری کو تعلیم القرآن بیچ 15 اسلام آباد کی طالبات نے تقریری مقابلے کا اہتمام کیا۔گیارہ طالبات نے "نوجوانوں کو درپیش مسائل اور ان کا حل" کے عنوان پر، پر اعتماد انداز میں اپنے خیالات کا اظہار کیا۔مریم اسلم نے اپنی تقریر میں کہا" آج کل کے نوجوان اسلام کی تعلیمات سے دور ہیں اور یہی ان کے تمام مسائل کی بنیادی وجہ ہے۔نوجوان نسل میں حیا اور صبر کا فقدان ہے جس کی وجہ سے وہ مسائل کا شکار ہے۔" طالبات میں ایک تحریری مقابلہ بھی کروایا گیا جس میں طالبات نے بہت دلچسپی سے حصہ لیا۔جیتنے والی طالبات میں انعامات بھی تقسیم کیئے گیئے۔

## شجر کاری مہم

الھدیٰ اسلام آباد کے سٹاف اور طالبات نے مارچ میں موسم بہار کے آغاز میں شجر کاری مہم میں بھرپور حصہ لیا۔پھل اور پھول دار پودوں کے علاوہ دیگر پودے بھی مہیا کیئے گیئے جن کو طالبات نے بہت شوق سے خریدا۔ان کے نام اور خصوصیات پر تحقیق کی اور ڈسپلے بورڈز پر معلوماتی مواد لگایا۔

## کینسر کا عالمی دن

اس موقع پر شفا انٹرنیشنل ہسپتال کی ماہر کینسر ڈاکٹر سائرہ حسن کو مدعو کیا گیا جنہوں نے کینسر کے بارے میں مفید معلومات پر مبنی ایک لیکچر دیا۔انہوں نے خواتین میں بریسٹ کینسر سے بچاؤ کے لئے اپنا معائنہ خود کرنے کے موضوع پر پر تفصیل سے بات چیت کی۔

## الھدیٰ سٹاف کے لئے تربیتی پروگرام

الھدیٰ ہیڈ آفس اسلام آباد کے سٹاف اور دیگر ریجنل کوآرڈینیٹرز کے لئے ٹرینگز کا اہتمام کیا گیا۔ٹرینر سعدیہ مفتی صاحبہ نے پروفیشنلزم، مانیٹرنگ اور رپورٹ رائٹنگ پر عمدہ انداز میں ٹرینگ دی۔اسلام آباد، راول پنڈی، آزاد کشمیر، لالہ موسیٰ گجرات، اٹک، واہ کینٹ اور ہری پور سے تقریباً 35 ممبران نے ان ٹرینگز میں شرکت کی۔

## تقریب تکمیل قرآن اور کانووکیشن

27 اپریل 2017ء کو الھدیٰ اسلام آباد میں تکمیل قرآن اور کانووکیشن کی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔صبح کے اوقات میں تعلیم القرآن، تعلیم الحدیث اور تعلیم التجوید کورسز کی تکمیل ہوئی۔کانووکیشن کی تقریب کا باقاعدہ آغاز ہوا تو ایونٹ کوآرڈینیٹر عظمیٰ نورین نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ڈائریکٹر انسٹیٹیوٹ ماریہ عظیم نے اکیڈیمک رپورٹ پیش کی۔طاہرہ خان نے سالانہ جائزہ رپورٹ پیش کی۔فارغ التحصیل طالبات نے اپنے تاثرات انتہائی مؤثر اور پر اعتماد انداز میں پیش کیئے۔استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے سکائپ پر تقریب کو جوائن کیا۔انہوں نے طالبات کو نصیحت کرتے ہوئے اخلاص نیت کی اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ اللہ تعالیٰ سے مضبوط تعلق رکھنے اور اپنے ایمان کو بڑھانے کے لئے قرآن مجید کو مضبوطی سے تھامیں، رسول اللہ ﷺ کی سیرت مبارکہ اور فقہ القلوب کتاب کا مطالعہ باقاعدگی سے کرتی رہیں۔تقریب کے اختتام پر نمایاں کارکردگی پر طالبات اور سٹاف میں انعامات تقسیم کیئے گیئے۔

## الھدیٰ رحیم یار خان کا دورہ

دسمبر 2016ء میں الھدیٰ ریجنل آفس ٹیم اسلام آباد نے رحیم یار خان برانچ کی تکمیل قرآن تقریب میں شرکت کی۔اس موقع پر فارغ التحصیل طالبات نے اپنے تاثرات نہایت مؤثر انداز میں پیش کیئے۔میڈیکل کی ایک طالبہ نے اپنے تاثرات پیش کرتے ہوئے کہا" میرا خیال تھا کہ میڈیکل کی پڑھائی اور قرآن کورس کو ایک ساتھ لے کر چلنا مشکل ہوگا لیکن قرآن پڑھنے کی برکت سے میرے میڈیکل کے گریڈز بھی بہتر ہو گیئے اور دین کے بارے میں میرے عقائد بہت واضح ہوئے"۔ اس ٹیم نے خان پور میں زیر تعمیر الھدیٰ کی عمارت کا بھی دورہ کیا۔سٹاف ممبرز کے لئے پیپر چیکنگ اور اکیڈیمک پالیسیز کے بارے میں تربیتی سیشنز کا اہتمام کیا گیا۔

## الھدیٰ انٹرنیشنل سکول میں سائینسی نمائش

26 اور 25 مارچ 2017ء کو AIS میں ایک سائنسی نمائش کا انعقاد کیا گیا اس میں ہر عمر کے بچوں نے بھرپور حصہ لیا اور علمِ فلکیات سے متعلق معلومات کے بارے میں تحقیق کر کے پوسٹرز اور ماڈلز تیار کیئے اور ان معلومات کو بااعتماد انداز میں شئیر کیا۔میجر مسعود قاضی نے اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے کہا'' آپ سب کو بہترین موضوع کا انتخاب کامیابی سے کرنے اور سائنسی اور اسلامی پہلو سے تحقیق پر بہت مبارکباد۔ مجموعی اعتبار سے اس نمائش کی بہترین طریقے پر منصوبہ بندی کی گئی تھی۔تمام بچوں اور AIS انتظامیہ کی بہترین کوشش نظر آئی''۔

## الھدیٰ انسٹیٹیوٹ فارمین

7 جنوری 2017ء کو AIM کے طلباء کے لئے ایک ورکشاب کا اہتمام گیا جس میں ان کو پبلک سپیکنگ کے بارے میں مہارتیں سکھائی گئیں۔اس ورکشاب میں انہوں نے بھرپور طریقے سے حصّہ لیا اور عملی طور پر بھی پریکٹس کی۔3 مارچ 2017ء کو تعلیم القرآن بیچ 3 کے فارغ التحصیل طلباء AIM آئے اور انہوں نے اپنے علاقوں میں ابلاغِ دین کی کوششوں کے بارے میں اپنے تجربات شئیر کیئے۔اس ملاقات سے موجودہ طلباء کو بہت فائدہ ہوا اور اساتذہ کا بھی حوصلہ بلند ہوا۔

## سنام القرآن (سورۃ البقرہ) کورس

الھدیٰ کینیڈا نے سورۃ البقرۃ کے تفصیلی مطالعے کے لئے خواتین اور لڑکوں کے لئے ایک کورس شروع کیا ہے۔اس کورس کو تیمیہ زبیر پڑھا رہی ہیں۔اس کی خاص بات یہ ہے کہ اس میں طلباء و طالبات کے ساتھ براہ راست سوال و جواب کے علاوہ ملٹی میڈیا، گروپ ڈسکشن اور آن لائن Quiz سے بھی مدد لی جاتی ہے۔خواتین اور لڑکوں کی کثیر تعداد ویک اینڈ پر ہونے والے اس کورس میں جوش وجذبے سے شرکت کرتی ہے۔



سورۃ البقرۃ کورس کینیڈا

## دبئ میں نومسلم خواتین کے لئے کورس

الھدیٰ دبئ نے نومسلم خواتین کے لئے ایک کورس متعارف کرایا ہے۔اس کورس میں فلپائن، تھائی لینڈ اور انڈیا سے تعلق رکھنے والی نومسلم خواتین بہت شوق سے اسلام کی بنیادی تعلیم حاصل کر رہی ہیں۔

## سڈنی (آسٹریلیا) میں قرآن کورس

جنوری 2017ء سے سڈنی میں انگلش اور اردو میں فہم القرآن کورس کا آغاز ہو گیا ہے۔

### الھدیٰ اسلام آباد میں سمر کورسز

- تربیتی کورس (مئی 2017)
- دورہ قرآن (رمضان)
- سمر کورس اردو (جولائی 2017)
- ریالٹی چِچ سمر پروگرام (2017)
- ہمارے بچے سمر پروگرام (جولائی 2017)

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

# خدمتِ انسانیت

### سردی سے بچاؤ مہم

موسم سرما 2016ء میں شروع ہونے والی سردی سے بچاؤ مہم جنوری 2017ء میں بھی جاری رہی۔سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اسلام آباد نے ہری پور، ایبٹ آباد، مانسہرہ، میرپور، آزادکشمیر، مری اور سکردو کے مستحق افراد میں گرم کپڑے اور لحاف تقسیم کیے۔




### کمیونٹی سکولز میں غذائی مواد کی فراہمی

الہدیٰ لاہور نے 9 کمیونٹی سکولز میں تقریباً 1036 بچوں کو دودھ فراہم کیا۔اس پراجیکٹ میں الہدیٰ اسلام آباد نے بھرپور تعاون کیا۔

### بونیر (خیبر پختون خواہ) میں فراہمی آب

صاف پانی کی قلت کے مسئلے کا مدّنظر رکھتے ہوئے الہدیٰ ریجنل آفس خیبر پختون خواہ نے ضلع سوات کے علاقے بونیر میں ایک ٹیوب ویل لگانے کا انتظام کیا جو اس علاقے کے 900 رہائشیوں کی پانی کی ضروریات پوری کرے گا۔

### ماتلی (سندھ) میں مسجد کی تعمیر

تحصیل ماتلی کے گاؤں علی پور احمد علی کے مکینوں کے مطالبے پر الہدیٰ کراچی نے مسجد کی مرمت کروائی تاکہ لوگ اپنے فرائض بسہولت ادا کرسکیں۔

### رمضان راشن 2017ء

ہر سال کی طرح اس سال بھی رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں غرباء، مساکین، بیوہ، یتیم، بوڑھے اور بے سہارا خاندانوں کے لئے رمضان راشن مہیا کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے۔ہماری کوشش یہ ہوتی ہے کہ رمضان المبارک شروع ہونے سے پہلے ہی مستحقین تک راشن پہنچا دیا جائے۔آپ بھی اس کارخیر میں اپنا حصہ ڈال سکتے ہیں۔ایک پیکٹ کی قیمت 2600 روپے ہے۔

#### بینک تفصیلات

اکاؤنٹ ٹائٹل: الہدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
اکاؤنٹ نمبر: 20012681
اکاؤنٹ ٹائپ: PKR
برانچ کوڈ 1739 | سوئفٹ کوڈ: UNILPKKA
آئی بی این: PK65UNIL0109000200126818
بینک: یونائٹڈ بینک لمیٹڈ F-8 مرکز برانچ، اسلام آباد
آن لائن عطیات: www.alhudapk.com/donate

# ابلاغِ عامہ کے ذریعے خدمات

### اہم خبریں

۔مؤثر ابلاغ عامہ کے لئے الہدیٰ انٹرنیشنل نے ایک اور ویب سائیٹ alhudaaustralia.com کا اضافہ کیا ہے۔
۔alhudaus.com کے ڈیزائن کو بہتر بنایا گیا ہے۔
۔الہدیٰ پبلیکیشنز نے عوام الناس کو اپنی نئی مطبوعات سے روشناس کرانے کے لئے میلنگ لسٹ تیار کی ہے۔

### "الہدیٰ لائیو" ایپلیکیشن

"الہدیٰ لائیو" نام سے ایک ایپلیکیشن پیش کی گئی ہے جو اینڈرائیڈ اور آئی فون یوزر کے لئے مندرجہ ذیل خصوصیات کی حامل ہوگی:

۔استاذہ فرحت ہاشمی کے لائیو لیکچرز کے دوران استعمال ہونے والا تحریری اور دیگر مواد موبائل کی اسکرین پر ظاہر ہوگا۔
۔آئندہ ہونے والے خصوصی مواقع کا کیلنڈر۔
۔لائیو لیکچرز کی ریکارڈنگ کی دستیابی۔
۔لیکچرز اور خصوصی مواقع کے بارے میں صارفین کو بروقت مطلع کرنے کے لئے نوٹیفیکیشن کی سہولت۔
۔وٹس ایپ سٹوڈنٹ پورٹل۔

### ریڈیو پروگرام

مارچ 2017ء سے استاذہ فرحت ہاشمی کی قرآن تفسیر پر مبنی آڈیوز FM92 ہائی وے ریڈیو چینل خیرپور سے بھی نشر کی جارہی ہے۔

### www.farhathashmi پر نئی تبدیلیاں

۔ہوم پیج کو دوبارہ ترتیب دیا گیا ہے۔
۔طالبات اور دیگر صارفین کی سہولت کے لئے لائیو سیشن ریکارڈنگ پیج کو بہتر طور پر ڈیزائن کیا گیا ہے۔
۔ہندی سیکشن میں مزید چیزوں کا اضافہ کیا گیا ہے۔
۔بچوں کے لئے مرتب شدہ Kids land کو منظم کیا گیا ہے۔

### وٹس ایپ گروپس

الحمدللہ اردو تفسیر کے گروپس کی تعداد 65 سے تجاوز کرگئی ہے جس میں پاکستان کے علاوہ انڈیا، انگلینڈ، یو اے ای، سعودی عرب، جرمنی، امریکہ، آسٹریلیا اور کینیڈا سے تعلق رکھنے والے 1300 سے زائد افراد قرآنی تعلیمات سے مستفید ہورہے ہیں۔

### پرل کانٹینینٹل کراچی میں الہدیٰ اسٹال

الہدیٰ عوام الناس میں دینی شعور اجاگر کرنے کے لئے مختلف مواقع پر سٹال لگانے کا اہتمام کرتا ہے جس میں تحقیق شدہ اور مستند تحریری آڈیو اور وڈیو مواد فراہم کیا جاتا ہے۔PC کراچی میں ہونے والی ایک کانفرنس میں ایک سٹال لگایا گیا۔اس سٹال پر نیوز لیٹر، CDs، پمفلٹس اور فلائیرز مفت بانٹے گئے۔لوگوں کی اکثریت نے اس کو بہت پسند کیا اور مزید معلومات کے لئے راہنمائی طلب کی۔

### الہدیٰ کی نئی مطبوعات




۔قرآن مجید لفظی ترجمہ
۔قرض سے پناہ مانگنا (کارڈ)
۔سورۃ الکہف (کارڈ)
۔شب و روز مسلسل ذکر سے افضل
۔عمر بن خطابؓ (کتاب)
۔سورۃ یوسف (کتاب)
۔سورۃ القصص (کتاب)
۔الحمدللہ (کارڈ)
۔حصول علم اور خواتین (نظر ثانی شدہ کتابچہ)

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION




## نیک اعمال حسن خاتمہ کا سبب بنتے ہیں

''جب اللہ تعالیٰ کسی بندہ سے بھلائی کا ارادہ فرمالیتا ہے تو اس کو شہد بنا دیتا ہے۔'' پوچھا گیا: وہ شہد کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا:'' اللہ تعالیٰ اس کے لئے اس کی موت سے پہلے نیک عمل کا دروازہ کھول دیتا ہے پھر اس کی (روح) کو قبض فرماتا ہے۔''

[مسند احمد، ج:29، 17784]

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:

"اللہ تعالیٰ اسکے لئے موت سے پہلے نیک اعمال کا دروازہ کھول دیتے ہیں یہاں تک کہ اس سے اسکے اردگرد کے لوگ راضی ہوجائیں"۔

(السلسلة الصحيحة)

مناویؒ فرماتے ہیں: عسلہ ( شہد) یعنی لوگوں میں اس کا ذکر خیر پھیلا دیتے ہیں۔ عسلہ اس وقت کہا جاتا ہے جب کھانے کو شہد سے میٹھا بنایا جائے زمخشریؒ کہتے ہیں: نیک اعمال کو شہد سے تشبیہ دی گئی ہے جس سے اس کا ذکر خیر ہوتا ہے اور نیک نامی مشہور ہوتی ہے۔ اور شہد ایسا میٹھا کھانا ہے جو خود بھی پاکیزہ ہے اور جس میں ملایا جائے اسکو بھی میٹھا اور اچھا بنا دیتا ہے۔ حکیم ترمذی کہتے ہیں۔ یہ وہ شخص ہے جس کو سعادت اور خوش بختی پالیتی ہے۔ اور وہ اس کا وافر حصہ پالیتا ہے۔

## تعزیت

الھدیٰ ریاض (سعودی عرب) کی سٹاف ممبر حمیرا اور کراچی کی طالبہ حبیبہ کے انتقال پُر ملال پر الھدیٰ تمام اسٹاف و طالبات کی طرف سے تعزیت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اُن دونوں کی مغفرت فرمائے اور انھیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور اُن کے لواحقین کو صبر عطا فرمائے۔ آمین۔

# سٹوڈنٹ کارنر

### نماز کی اہمیت

آپ ﷺ نے فرمایا:

آدمی اور شرک کے درمیان نماز ہی حائل ہے۔ (صحیح مسلم)

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے آپ ﷺ سے پوچھا کون سا کام اللہ کو بہت پسند ہے آپ ﷺ نے فرمایا: نماز کو اپنے وقت پر ادا کرنا۔ (بخاری)

**نماز میں خشوع کیسے؟ چند عملی نکات:**

خشوع یہ ہے کہ دل میں اپنے رب کے سامنے انتہائی پستی اور ذلت کا اظہار کرنا۔ وہ کام جو خشوع حاصل کرنے میں مفید ہیں ان میں کاموں کو نمازوں کے ساتھ مینج کرنا، جب نماز کا وقت قریب ہو موبائل کو سائیلنٹ کر دینا، نقش و نگار والے جائے نماز سے پرہیز کرنا، عمدہ لباس پہننا، ترتیل کیساتھ تلاوت کرنا، سترہ کا اہتمام کرنا شامل ہیں۔ نماز کے وقت سے پہلے کاموں کا اثر نماز پر پڑھتا ہے اس لیے ان کاموں کا بھی درست ہونا ضروری ہے۔ جو شخص اللہ کی پسند کے کام کرتا ہے وہ اللہ کا محبوب بن جاتا ہے اور جو اللہ کا محبوب ہوتا ہے اللہ اس سے ملاقات کا شوق رکھتے ہیں۔

### سورالبقرة کی آخری دو آیات کی فضیلت

ان آیات کی فضیلت کے بیان میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "اللہ نے زمین و آسمان کی تخلیق سے دو ہزار سال پہلے کتاب لکھ دی تھی اور اس میں سے دو آیات نازل کر کے اس سے سورالبقرة کا اختتام کر دیا۔ لہذا جو کوئی انہیں تین راتیں پڑھے گا اس گھر سے شیطان بھاگ جاتا ہے۔"

۔ یہ عرش کے خزانے سے آئی ہیں۔ ان کو حضرت جبرائیل لے کر آئے۔ ان کے نزول کی خاص بشارت دینے ایک ایسا فرشتہ نازل ہوا جو اس سے پہلے کبھی نہ اترا، یہ آیات ہر برائی سے جس میں جن و انس کی برائی شامل ہے ان سے محفوظ رکھتی ہیں۔ اس کے علاوہ بھی ہر طرح کے شر، رات کے اندھیرے، جنوں اور شیاطین سے حفاظت کرتی ہیں۔ گھر میں محبت و یگانگت کے فقدان کی شکایت ہو کسی اور طرح کا خوف یا کوئی بوجھ ہو یا ذہنی تناؤ ہو تو یہ آیات ان سے نجات کا بھی بہترین حل ہیں۔

### اللہ تعالیٰ کے اسماء وصفات میں تدبر

جس طرح انسان دوسروں کی تعظیم اور احترام ان کے علم کے مطابق کرتا ہے اسی طرح جب وہ اللہ تعالیٰ کے اسماء وصفات پر غور کرتا ہے تو اس کی معرفت میں اضافہ ہو جاتا ہے پھر اسکے دل میں اللہ تعالیٰ کی عظمت اور جلال بڑھ جاتا ہے اور تبھی عبادات کمال درجے کو پہنچتی ہیں۔ اور جو اپنے نفس کو اللہ تعالیٰ کی عظمت، جلال اور قدرت میں غور و فکر کی طرف پلٹا لے اور اس کی تخلیق اور بادشاہت میں نظر ڈالنا شروع کر دے تو اس کے لیے یہ غور و فکر اور تدبر ہر نعمت سے زیادہ لذیذ ہو جاتا ہے کیونکہ یہ دل اور روح کی غذا ہے جس میں کوئی رکاوٹ اور نہ کوئی مقابلہ ہے۔ یہ ساری چیزیں آنکھیں کھولنے والی اور سبق دینے والی ہیں ہر اس بندے کے لیے جو حق کی طرف رجوع کرنے والا ہو۔ غور و فکر تو کم و بیش سبھی کرتے ہیں مگر جس میں انابت ہو وہی اس سے لذت پا کر مکمل فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ پھر اسے اللہ تعالیٰ کی تخلیق میں غور و فکر کرنا ہر چیز سے زیادہ عزیز تر ہوجاتا ہے۔

نتاشا

### مخالفین سے عفو درگزر

وحشی نے جنگ احد میں حمزہؓ کو نیزہ مار کر شہید کر دیا اور مکہ واپس لوٹ گیا. بعد میں طائف چلا گیا۔ ایلچیوں کے ایک وفد کے ساتھ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر معافی کا خواستگار ہوا۔ آپ ﷺ نے معاف کر دیا مگر کہا کہ میرے سامنے نہ آنا۔ اس نے اسلام قبول کر لینے کے بعد حمزہؓ کے قتل کے کفارہ کے طور پر ابوبکر صدیقؓ کے دور میں نبوت کے جھوٹے دعویدار مسیلمہ کذاب کو نیزہ مار کر کیفر کردار تک پہنچا دیا۔ سوچئے! کیا ہم گناہ گار کو یہ موقع دینے کو تیار ہیں؟ آج کا کافر کل کا مسلمان، آج کا مشرک کل کا موحد، آج کا بدعتی کل کا متبع سنت اور آج کا قاتل ڈاکو کل کا مومن متقی ہوسکتا ہے۔ ضرورت صرف دل بڑا کر کے معاف کر دینے کی اور اصلاح کا موقع دینے کی ہے۔

زبیدہ عزیز




**Help Us BUILD the FUTURE**

| امدادی درجہ بندی | روپے |
|---|---|
| ایک کلاس کی تعمیر کا خرچہ (اندازاً) | 2,500,000 |
| ایک کلاس روم کا فرنیچر | 110,000 |
| ایک کلاس روم کے لئے سرگرمی کا مواد | 90,700 |
| کمپیوٹرز | 1,950,000 |
| سائنس لیب فرنیچر اور آلات | 1,600,500 |
| لائبریری کی کتب اور دیگر وسائل | 1,150,000 |
| ایک پنکھا | 3,400 |
| سیمنٹ کا ایک تھیلا | 595 |
| ایک LED ٹیوب لائٹ اور فکسر | 1,750 |

اکاؤنٹ ٹائٹل: الھدیٰ انٹرنیشنل سکول
اکاؤنٹ نمبر: 0164278002(PKR)
بینک کا نام: دبئی اسلامک بینک
برانچ کا نام: I-8 مرکز برانچ، اسلام آباد، پاکستان
برانچ کوڈ: 040
سوئفٹ کوڈ: DUIBPKKA
آئی بی این: PK71DUIB0S000000164278002
www.aispk.org/contribute

ایڈیٹوریل ٹیم
سرپرست اعلیٰ - ڈاکٹر فرحت ہاشمی
مینیجنگ ایڈیٹر - ڈاکٹر فردوس روحی
ایڈیٹر - طاہرہ خان
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر - مریم افضل
ڈیزائنر - بنت زاہد

الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
7 - اے کے بروہی روڈ H-11/4 اسلام آباد پاکستان
فون: 9-4866125 51 92+ | ای میل: info@alhudapk.com
www.farhathashmi.com | www.alhudapk.com

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION